# کیا آپ UNDP پروجیکٹ کے بارے میں فکر مند ہیں؟

## معاشرتی اور ماحولیاتی تعمیل کا جائزہ اور اسٹیک ہولڈر ریسپانس یعنی ردِعمل سے متعلقہ طریقہ کار

SECU Social & Environmental Compliance Unit
SRM Stakeholder Response Mechanism

UNDP
Empowered lives.
Resilient nations.

### *تعارف*

اگر آپ کو یقین ہے کہ کسی UNDP سے تعاون یافتہ پروجیکٹ یا پروگرام سے، آپ،آپ کے سماج، یا ماحول کو نقصان پہنچاہے، یا نقصان پہنچنےکاامکان ہے تو، آپ UNDP کے سماجی اور ماحولیاتی تعمیلی یونٹ اور / یا UNDP کے اسٹیک ہولڈر رسپانس میکانزم سے مدد کی درخواست کرسکتے ہیں۔

### تعمیل سےمتعلقہ جائزہ - UNDP کےسماجی اور ماحولیاتی عزائم سے متعلق خدشات کا جواب۔

سماجی اور ماحولیاتی تعمیلی یونٹ یعنی سوشل اینڈ اَینوائرنمَینٹل کمپلائنس یونٹ (ایس ای سی یو) پروجیکٹ سے متاثرہ کمیونٹیز اور افراد کی طرف سے کی جانےوالی شکایات کی تحقیقات کرتا ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ UNDP نے اپنے معاشرتی اور ماحولیاتی وعدوں کی تعمیل نہیں کی ہے، اور عدم تعمیل کے نتائج کو حل کرنے کے لئے اقدامات کی سفارش کرتا ہے۔ خاص طور پر، اس میں UNDP کے سماجی اور ماحولیاتی معیارات کےضمن میں ہونےوالی عدم تعمیل شامل ہے۔

### *اسٹیک ہولڈر کا جواب - پارٹیوں کی شکایات اور تنازعات حل کرنے میں مدد کرنا*

اسٹیک ہولڈر رسپانس میکانزم (ایس آر ایم) منصوبے سے متاثرہ اسٹیک ہولڈرز، یو این ڈی پی کے شراکت داروں (حکومتوں ، این جی اوز ، کاروباری اداروں) اور دیگر کو مشترکہ طور پر UNDP کے حمایت یافتہ منصوبوں کے سماجی اور / یا ماحولیاتی اثرات سے متعلق شکایات یا تنازعات کو دور کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

### *کون شکایت درج کرسکتا ہے؟*

کوئی بھی فرد یا کمیونٹی جن کے خیال میں ماحول یا ان کی فلاح وبہبود UNDP کےحمایت یافتہ منصوبے یا پروگرام سےممکن ہے متاثرہو، وہ شکایت دائرکرسکتاہے۔ کوئی بھی آدمی یاجیسے سول سوسائٹی کی تنظیم، متاثرہ کمیونٹیز کی جانب سے بھی شکایت درج کراسکتی ہے۔ وہ لوگ جو شکایات درج کرتے ہیں وہ درخواست کرسکتے ہیں کہ ایس آر ایم اور ایس ای سی یو ان کے نام اور شناخت کی حفاظت کرے۔

### *درخواست کہاں دائرکریں؟*

براہ کرم SECU سے متعلقہ تمام درخواستیں اور انکوائریز secuhotline@undp.org پر بھیجیں۔

ایس آر ایم کی درخواستیں اس مُلک کے UNDP کنٹری آفس کے ذریعےبھیجی جاسکتی ہیں جہاں درخواست گزار رہتا ہے ، یا ہیڈ کوارٹر ایس آر ایم ٹیم کو stakeholder.response@undp.org کےذریعے دی جاسکتی ہیں۔

یو این ڈی پی کنٹری دفاتر سے رابطہ سےمتعلقہ معلومات یو این ڈی پی ہوم پیج www.undp.org پردستیاب ہے۔

### *درخواست میں کیا شامل کیاجائے؟*

اگر آپ کی درخواست میں درج ذیل چیزیں شامل ہوں تو یہ چیز مددگار ہوگی:

- نام ، پتہ ، ٹیلیفون نمبر اور رابطہ سے متعلق دیگر معلومات۔
- آیا کہ ابتدائی جانچ کے دوران درخواست دہندگان اپنی شناخت خفیہ رکھنا چاہتے ہیں۔
- UNDP پروجیکٹ کا نام ، مقام اور نوعیت۔
- درخواست گزار کوکیسےیقین ہے کہ وہ UNDP کے تعاون سے چلنے والے منصوبے سے بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں، یا ایساہونے کاامکان ہے۔
- تنازعات کے حل کے دیگر طریق ہائے عمل سمیت دوسری کوششوں کی تفصیل، جو درخواست گزاروں نے اپنے تحفظات دور کرنے کے لئے اختیار کی ہوں۔

**مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں**

**www.undp.org/secu-srm**

**www.undp.org/ses**

**project.concerns@undp.org**